DAWN
20 MAR 2013 - PAGE-N 9

# FBR, exporters fail to sort out differences

By Parvaiz Ishfaq Rana

KARACHI, March 19: Renewed efforts to iron out differences between exporters and the Federal Board of Revenue (FBR) over the sales tax regime for export-oriented industries failed when both the sides met on Tuesday at the PHMA House.

The FBR member Inland Revenue Raza Baqir on Tuesday dashed from Islamabad to Karachi to pacify agitating exporters over the issue of SRO 154.

The said SRO withdraws policy of zero-rated status to five export-oriented industries.

The leaders of the affected sectors that include value-added textile sector, leather goods, carpets, surgical and sports goods told the member Inland Revenue that they would not accept the FBR position as they argued it would promote corruption and aggravate the liquidity problem for export trade.

In the past, the FBR thrice introduced refund system by withdrawing zero-rated status of export-oriented industry but failed because it ended up in resource drain more than revenue collection, these leaders argued.

They believed that safeguards to exporters against delays in payment of refunds by fixing penalty equal to bank mark-up rate would not ensure timely settlement because of rampant corruption.

These leaders complained that even today outstanding refunds of billions of rupees are pending before different revenue collecting agencies at federal and provincial level, including FBR, Sindh Revenue Board and Punjab Revenue Authority.

They reminded the member Inland Revenue Raza Baqir that only 10 days back FBR chairman Ali Arshad Hakeem in a meeting with the leaders of the pvrivate sector agreed to impose one per cent sales tax on these sectors, but it has been fixed at two per cent.

"The trust deficit between business community and the FBR is huge and we cannot take any risk at such difficult times when utility tariffs are being enhanced frequently, law and order situation is critical and profit margins have fallen," a leader said.

They further said that there was a tough competition in the world market where exporters are trying to survive without making much profit.

Responding to the apprehensions raised by business leaders, the FBR member Inland Revenue said that FBR wants to resolve issues amicably and reminded that all over the world only exports are zero rated.

However, business dealers said that FBR's definition for zero rating from sales tax is different from what they know, therefore, if it means that first we have to pay and then get refund, the business community totally rejects it and would never accept this definition.

They suggested that their status of zero rating be maintained and the FBR should strive hard to ensure growth in the industry so that more revenue could be generated.

The member Inland Revenue asked the leaders of five sectors to sit together and try to frame suggestions on the issue which would be taken up in next meeting with the team of FBR.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

## Issue of 2pc ST imposition

# Talks remain inconclusive

RECORDER REPORT

KARACHI: Negotiations between Federal Board of Revenue (FBR) and representatives of zero-rated export-oriented sectors remained inconclusive to make headway to settling the deadlock on two-percent sales tax imposition on Tuesday.

The imposition will stay unchanged, however a mechanism the export-oriented sectors can propose to the FBR as how to deal with refunds backlogs, Member Inland Revenue Raza Baqir said at the meeting held at PHMA House.

Scores of associations from five zero-rated export sectors attended the meeting with the FBR official to reach a settlement on what they called a "sudden" and "overnight" imposition of two-percent sales tax.

The meeting spanned for about two hours but ended with a disagreement note, as Baqir insisted on the justification of tax enforcement. However, value-added textile, carpet and leather exporting sectors showed resentment against the tax.

Raza Baqir was also surprised over the presence of print and electronic media as he claimed the meeting was called on his request but did not know of unexpected greater number of presence of industries representations to reply their questions and concerns.

Replying to the questions of export sectors representatives, Baqir made it clear that the zero-rate export sector meant what the Sales Tax Act of 1990 described. He assured the stakeholders that the zero-rated regime for the five exporting sector would continue untaxed.

He claimed the two-percent taxation was not sudden, saying after rounds of formal and informal negotiations between the FBR and exporting sectors, the tax was announced to collect revenue not less than refunds.

He pointed out that the FBR had made Rs16 billion tax collection but paid Rs18 billion in refunds against the claims, plunging its revenue by Rs2 billion. "In the last six months, the FBR collected Rs1.1 billion and paid Rs6 billion in refunds," he added.

However, he was unable to name those who received tax refunds against fake claims. Chairman Pakistan Hosiery Manufacturers and Exporters Association (PHMA) Muhammad Javed Bilwani called upon the FBR to spare the 80 percent tax paying documented textile sector from the sales tax imposition.

Baqir said the FBR intended to expand its tax base through the tax imposition on the retail businesses of textile in the country as its consumers were nearly 180 million people.

He said the FBR had exempted sizing, processing and waiving textile sectors from the tax threads as a notification was about to issue anytime. He maintained there would be tax refund issue for the zero-rate sectors if a mutually agreed mechanism was evolved.

"We are open to all sorts of propositions by the stakeholders how to continue the tax refund flow unstopping as it could be through Customs collectorate as well if RTOs and LTOs are not trusted," he said.

He agreed that the RTO and LTOs were "unnecessarily" holding back the refunds of taxpayers just to show their better collection by the fiscal year end, and said refunds of taxpayers should be provided to them immediately.

Member Inland Revenue said worldwide governments did collect taxes from export sectors and then refund them just to run their daily businesses. He said exporting sectors were globally exempted from sales tax.

He told the meeting that the imposition of two-percent sales tax was the decision of government and not the FBR. He however did not agree to withdraw the tax.

Earlier giving views on the tax, Javed Bilwani showed anxiety over the government rules over the tax collection, saying "if the government pays it back to us in refunds then why it takes from us."

He said the government should not subject the 80 percent documented export sector by burdening it with two-percent tax amid soaring financial crunch the industries were facing.

He suggested the government should bring the non-documented 20 percent tax evaders into its web. "It is beyond one's comprehension," he said.

Former chairman KATI, Masood Naqi criticized the FBR for its "secret" and "sudden" policies, which he said, hit the entire industry overnight. He said the two-percent sales tax imposition was a plan to keep the country's big production sectors engaged in financial troubles.

Chairman Pakistan Leather Garments Manufacturers and Exporters Association Fawad Ijaz said the FBR's procedures for tax refunds were inept to ensure financial flow to the taxpayers.

He was of the view that taxpayers continued to struggle for refunds even sometimes the claims took six months to come about. He feared the FBR was going to embrace the older mechanism instead of going upward to improve the taxation system.

He said taxpayers refunds were held back by the collectors ahead of announcement of fiscal budget and that year like the previous two years the trend was expected to continue, despite the federal tax ombudsman warning to the authorities.

He said the two-percent tax would pave path for the fake refund claims and the negative trend in taxation was feared to mount further. Fawad demanded of the FBR to drop the tax on zero-rate for exporting sectors.

Rafiq Godel, Naqi Bari, Zubair Motiwala, Zain Bashir, Khwaja Usman, Saleem Parekh, Mehtab Chawla and others spoke during the meeting.

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

Page no. 4

روزنامہ جنگ کراچی بدھ 20 مارچ 2013ء

# ایف بی آر اور پانچ زیرو ریٹیڈ سیکٹر کے نمائندوں کے درمیان مذاکرات ناکام

## 2 فیصد سیلز ٹیکس آئی ایم ایف کی ایماء پر عائد کیا گیا ہے، جس کا خاتمہ ممکن نہیں، سیلز ٹیکس ریفنڈ کو سہل بنایا جاسکتا ہے، ممبران لینڈ

### سیلز ٹیکس کسی صورت تسلیم نہیں، ایف بی آر جعلی ریفنڈ حاصل کرنے والوں کے نام اور شعبے ظاہر کرے تاکہ حقیقت سامنے آسکے، جاوید بلوانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور پانچ زیرو ریٹڈ سیکٹر کے نمائندوں کے درمیان منگل کو ہونے والے مذاکرات ناکام ہوگئے۔ دوران اجلاس ممبران لینڈ ریونیو رضا باقر نے واضح کیا کہ پانچ زیرو ریٹڈ سیکٹر پر 2 فیصد سیلز ٹیکس آئی ایم ایف کی ایماء پر عائد کیا گیا ہے جس کا خاتمہ ممکن نہیں تاہم باہمی مشاورت کے ساتھ سیلز ٹیکس کے ریفنڈ پروسیس کو اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے سہل بنایا جاسکتا ہے۔ ممبران لینڈ ریونیو کی اس یقین دہانی کے باوجود ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل، لیدر اور کارپٹ سیکٹر نے 2 فیصد سیلز ٹیکس کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر اپنے اس اقدام کے ذریعے 20 فیصد غیر رجسٹرڈ شعبے کو نیٹ میں لانے کے لئے پہلے سے سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ 80 فیصد برآمد کنندگان پر ٹیکسوں کا بوجھ کیوں لاد رہا ہے جو پہلے ہی نامساعد کاروباری حالات اور چیلنجز کے باوجود ملک کے لئے قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں۔ اجلاس کے دوران ممبر آئی آر ایس ایف بی آر رضا باقر نے کہا کہ زیرو ریٹڈ کا مفہوم سیلز ٹیکس ایکٹ مجریہ 1990ء سے اخذ کیا جائے، یہ تاثر غلط ہے کہ ایف بی آر نے یکطرفہ بنیاد پر سیلز ٹیکس عائد کیا ہے بلکہ ٹیکس ریفارمز کمیٹی سے مشاورت کے بعد اس کا نفاذ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانچ شعبوں کو زیرو ریٹنگ کی سہولت دینے کے بعد ایف بی آر کو ریونیو میں بھاری خسارے کا سامنا رہا اور مطلوبہ مثبت نتائج برآمد نہیں ہوسکے ہیں۔ گزشتہ چھ ماہ میں ایف بی آر نے 1.1 ارب روپے سیلز ٹیکس ریونیو وصول کیا جبکہ 6 ارب روپے ریفنڈ کئے گئے

اس تناظر میں حکومت نے 2 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا ہے تاہم مذکورہ 2 فیصد سیلز ٹیکس ویونگ سائزنگ اور پروسیسنگ سیکٹر پر ختم کردیا گیا ہے اور اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا جائے گا۔ رضا باقر نے بتایا کہ حکومت کی خواہش ہے کہ سیلز ٹیکس کے دائرہ کار کو مقامی طور پر فروخت ہونے والی ٹیکسٹائل مصنوعات تک توسیع دی جائے۔ سیلز ٹیکس ریفنڈ کے مسائل سے اتفاق کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے آر ٹی اوز اور ایل ٹی یوز صرف اپنے ریونیو اہداف کو پورا کرنے کی غرض سے برآمد کنندگان کو ریفنڈز کی ادائیگیوں میں تاخیر کرتے ہیں تاہم ایف بی آر کی خواہش ہے کہ سیلز ٹیکس ریفنڈز کے مسائل کو حل کیا جائے اور تیز رفتار ریفنڈ سسٹم کے لئے تمام برآمدی ایسوسی ایشنز باہمی مشاورت کے ساتھ ریفنڈ کا میکنزم مرتب کرکے ایف بی آر کو ارسال کریں، جعلی سیلز ٹیکس ریفنڈ کے حوالے سے متعلقہ ایسوسی ایشنز اگر اپنے ممبران کے دائر کردہ ریفنڈ کلیمز کی تصدیق کردیں تو ایف بی آر فی الفور ریفنڈ جاری کردے گا اس طرح سے جعلی ریفنڈز کا خاتمہ بھی ممکن ہوسکے گا۔ اس موقع پر پی ایچ ایم اے کے سینٹرل چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا کہ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کسی صورت 2 فیصد سیلز ٹیکس کو تسلیم نہیں کرتی ہے۔ انہوں نے ایف بی آر سے مطالبہ کیا کہ وہ برآمد کنندگان پر جعلی ریفنڈ کا الزام عائد کرنے کے بجائے جعلی سیلز ٹیکس ریفنڈ حاصل کرنے والوں کے ناموں اور ان کے شعبوں کی مکمل کر نشاندہی کرے تاکہ درست حقیقت سامنے آسکے کیونکہ ریفنڈ کے

پیچیدہ نظام کے باعث ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی اکثریت ریفنڈ کلیمز داخل کرنے سے گریز کرتی ہے۔ ٹاول مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین مہتاب الدین چاؤلہ نے کہا کہ ایف بی آر کو ایک سہولت کنندہ ادارے کے طور پر کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ ایف بی آر کے حالیہ اقدامات ویلیو ایڈڈ سیکٹر کی افزائش میں رکاوٹ بن گئی ہے۔ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری اب اسپننگ اور یارن کاٹن ٹریڈنگ پر توجہ مرکوز کررہی ہے اگر یہ رجحان فروغ پایا تو بیروزگاری کا سیلاب امڈ آئے گا جبکہ ملکی برآمدات کا حجم بھی کم ہوجائے گا۔ ایف بی آر کے پالیسی ساز ایسے اقدامات تجویز کریں جس سے ویلیو ایڈڈ انڈسٹری کو فروغ مل سکے تاکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوسکیں۔ پاکستان لیدر گارمنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین فواد اعجاز خان نے کہا کہ 2 فیصد سیلز ٹیکس کے نفاذ سے لیدر کی برآمدات بڑھ رہی ہیں لیکن لیدر گارمنٹس انڈسٹری بندش کی جانب گامزن ہوگئی ہے۔ پاکستان ہیڈ ویئر ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے زین بشیر نے کہا کہ ایف بی آر صنعتی شعبے کا گلا گھونٹ کر حکومت کو سپورٹ کرنے سے گریز کرے، ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری پہلے ہی دیگر چیلنجز کے ساتھ زبردست مالیاتی بحران سے دوچار ہے۔ پاکستان نٹ ویئر سوئیٹرز ایسوسی ایشن کے رفیق گوڈیل نے کہا کہ پاکستان کے حریف ملک بنگلہ دیش میں ویلیو ایڈڈ انڈسٹری کی حوصلہ افزائی کے لئے ترغیبات و سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ پاکستان میں اس کے برعکس ٹیکسوں کا بوجھ بڑھایا جارہا ہے۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ ایکسپریس، کراچی۔ بدھ، 20 مارچ، 2013ء

# متنازع ٹیکس اقدامات پر ایف بی آر اور صنعتکاروں کے مذاکرات ناکام

## ممبر آئی آر کے کراچی چیمبر میں مذاکرات، صنعتی نمائندوں کا ایس آر او 212، 140، 154 اور 98 واپس لینے کا مطالبہ، رضا باقر کا ٹیکس اقدامات تسلیم کرانے پر زور

## ویونگ سائزنگ و پروسیسنگ سیکٹرز پر آج سے 2 فیصد سیلز ٹیکس ختم، ایف بی آر کی ریفنڈ نظام آسان وشفاف بنانے کیلیے اسٹیک ہولڈرز کو مشاورت کی پیشکش

کراچی (بزنس رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو پانچ زیرو ریٹڈ صنعتی شعبوں اور تاجروں و صنعتکاروں کی جانب سے اپنے حالیہ ٹیکس اقدامات پر زبردست مزاحمت کا سامنا رہا، ممبران لینڈ ریونیو ایف بی آر رضا باقر نے فیصل آباد سمیت ملک کے دیگر صنعتی شہروں کا دورہ کرنے کے بعد منگل کو کراچی کے تاجر وصنعتکاروں سے ملاقاتیں کرکے انہیں ایف بی آر کے نئے ٹیکس اقدامات کو تسلیم کرنے کا مشورہ دیا لیکن ان ملاقاتوں میں وہ تاجروں و صنعت کار برادری کے نمائندوں کے تیز وتند سوالات کے جوابات نہیں دے سکے جس کے نتیجے میں ممبر ایف بی آر کے کراچی کے تاجروں وصنعت کاروں کے ساتھ ہونے والے دونوں اجلاس کسی نتیجے کے بغیر ختم ہوگئے۔ ان اجلاسوں میں 5 زیرو ریٹڈ سیکٹر کے نمائندوں نے ایف بی آر پر واضح کیا کہ وہ مقامی صنعت وتجارت کی بقا کو مدنظر رکھتے ہوئے ان پر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کی ڈکٹیشن تھوپنے کے بجائے ایک سہولت کنندہ ادارے کے طور پر کردار ادا کرے جبکہ کوئی بھی نیا ٹیکس عائد کرنے سے قبل صرف منظور نظر تنظیم سے مشاورت کے بجائے پوری انڈسٹری کے نمائندوں اور کراچی چیمبر آف کامرس کو بھی اعتماد میں لیا جائے۔ منگل کی شام کراچی چیمبر میں منعقدہ اجلاس میں بھی تمام تاجروں وصنعت کاروں نے ایف بی آر کے حالیہ اقدامات کو مسترد کرتے ہوئے فی الفور چاروں متنازع ایس آر اوز 212، 140، 154 اور ایس آر او 98 واپس لینے کا مطالبہ دہرایا۔ کراچی چیمبر کے صدر ہارون اگر کا کہنا تھا کہ ایف بی آر تجارت وصنعت کے بحران اور اضطراب سے بچانے کے لیے تمام متنازع اقدامات واپس لے۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی چیمبر کے اجلاس میں ممبر آئی آر ایس ایف بی آر رضا باقر کے جوابات اور طرز عمل سے تاجر برادری کو بخوبی اندازہ ہوگیا ہے کہ ان کے پاس ان متنازع ایس آر اوز میں ترامیم یا انہیں واپس لینے کا کوئی اختیار نہیں ہے کیونکہ ایف بی آر کا ایک سینئر افسر جب معاملات کے حل کو اگلی نگراں دور حکومت کے اقدامات سے مشروط کرے تو اس طرز بیان سے بے اختیاری کی مکمل عکاسی ہوتی ہے لہٰذا بے اختیار بیوروکریٹ سے تاجروں و صنعت کاروں کے مذاکرات وقت کا ضیاع ثابت ہوا ہے، ضرورت اس امر کی ہے کہ چیئرمین ایف بی آر کو بھی مذکورہ متنازع ایس آر اوز کی سنگینی کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو استعمال میں لانا چاہیے۔ ادھر ایف بی آر کے ممبران لینڈ ریونیو اور ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سمیت کارپٹ، لیدر گارمنٹس سیکٹر کے درمیان بھی مذاکرات ناکام ہوگئے، مذاکرات کے دوران ممبران لینڈ ریونیو رضا باقر نے واضح کیا کہ آئی ایم ایف کی ایما پر وفاقی حکومت نے 5 زیرو ریٹڈ سیکٹرز پر 2 فیصد سیلز ٹیکس نافذ کیا ہے جسے واپس لینا ممکن نہیں البتہ سیلز ٹیکس ریفنڈ کے طریقہ کار کو شفاف وسہل بنانے کے لیے اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے موثر میکنزم بنایا جاسکتا ہے تاہم ویلیوایڈڈ ٹیکسٹائل، لیدر اور کارپٹ سیکٹر کے نمائندوں نے 2 فیصد سیلز ٹیکس کو ناقابل قبول قرار دیتے ہوئے ایف بی آر سے استفسار کیا کہ وہ اپنے اس اقدام کے ذریعے صرف 20 فیصد ٹیکس نیٹ سے باہر شعبے کو نیٹ میں لانے کے لیے سیلز ٹیکس میں باقاعدہ رجسٹرڈ 80 فیصد برآمدکنندگان پر ٹیکسوں کا بوجھ کیوں لاد رہا ہے، جو پہلے ہی نامساعد کاروباری حالات، زائد پیداواری لاگت اور دیگر متعدد چیلنجز کے باوجود اپنی پیداواری وبرآمدی سرگرمیوں کو جاری رکھتے ہوئے ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں۔ اجلاس کے دوران ممبر آئی آر ایس ایف بی آر رضا باقر نے کہا کہ زیرو ریٹڈ کا مفہوم سیلز ٹیکس ایکٹ مجریہ 1990 سے اخذ کیا جائے۔ انہوں نے اس تاثر کو غلط قرار دیا کہ ایف بی آر نے یکطرفہ طور پر 2 فیصد سیلز ٹیکس نافذ کیا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ ٹیکس ریفارم کمیٹی سے مشاورت کے بعد ایف بی آر نے نوٹیفکیشن جاری کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پانچ شعبوں کو زیرو ریٹنگ کی سہولت دینے کے مطلوبہ نتائج نہیں مل سکے بلکہ ایف بی آر کو سیلز ٹیکس کی مد میں وصول شدہ ریونیو سے زائد مالیت کے ریفنڈز جاری کرنے پڑے ہیں اور اسی تناظر میں حکومت نے 5 زیرو ریٹڈ سیکٹر پر 2 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا ہے تاہم 2 فیصد سیلز ٹیکس ویونگ سائزنگ اور پروسیسنگ سیکٹر پر باقاعدہ نوٹیفکیشن کے ذریعے بدھ 20 مارچ سے ختم کردیا جائیگا۔ رضا باقر نے بتایا کہ حکومت سیلز ٹیکس کے دائرہ کار کو مقامی طور پر فروخت ہونے والی ٹیکسٹائل مصنوعات تک توسیع دینے کی خواہاں ہے۔ سیلز ٹیکس ریفنڈ کے مسائل سے اتفاق کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایف بی آر اسٹیک ہولڈرز کی باہمی مشاورت کے ساتھ سیلز ٹیکس ریفنڈز کا قابل قبول میکنزم مرتب کرنے کا خواہشمند ہے لہٰذا تمام برآمدی ایسوسی ایشنز تیز رفتار اور شفاف ریفنڈ سسٹم کیلیے سفارشات دیں۔ پی ایچ ایم اے کے چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا کہ جعلی سیلز ٹیکس ریفنڈ حاصل کرنے والوں کے نام اور ان کے شعبوں کی نشاندہی کی جائے تاکہ حقیقت سامنے آسکے۔ اجلاس سے مجتاب الدین چاؤلہ، فواد اعجاز خان، رفیق گوڈیل، زبیر موتی والا، ذوالفقار چوہدری، مسعود نقی، تقی باری، خواجہ عثمان، دانش خان، محمد شفیع، جبار غازیانی، سلیم پاریکھ، جنید ماکڈا، عامر بٹ ودیگر نے بھی خطاب کیا۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

روزنامہ ''نئی بات'' کراچی (3) 20 مارچ 2013ء

# مذاکرات ناکام، صنعتکاروں نے ایس آر او کا نفاذ مسترد کر دیا

## عائد کردہ 2 فیصد سیلز ٹیکس آئی ایم ایف کے ایماء پر لگایا گیا، خاتمہ ممکن نہیں زیرو ریٹڈ سیکٹر باہمی مشاورت سے فیصلہ کرے، ممبر ان لینڈ ریونیو رضا باقر

کراچی (کامرس رپورٹر) فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور پانچ زیرو ریٹڈ سیکٹر کے نمائندوں کے درمیان گزشتہ روز ہونے والے مذاکرات ناکام ہوگئے ہیں تاہم ایف بی آر کے سینئر ممبر نے پانچوں زیرو ریٹڈ سیکٹرز کے نمائندوں پر واضح کیا ہے کہ عائد کردہ 2 فیصد سیلز ٹیکس آئی ایم ایف کی ایماء پر لگایا گیا ہے، زیرو ریٹڈ سیکٹر باہمی مشاورت سے فیصلہ کرے کہ سیلز ٹیکس ادائیگی کا طریقہ کار کیا ہونا چاہئے لیکن پانچوں زیرو ریٹڈ سیکٹر نے واضح طور پر ایف بی آر کا جبری حکم ماننے سے انکار کردیا ہے۔ ایف بی آر احتجاج روکنے اور زیرو ریٹڈ سیکٹر سے وابستہ صنعتکاروں و برآمدکنندگان کو منانے کیلئے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ہونے والے بند کمرہ اجلاس میں بھی کامیابی نہ مل سکی۔ منگل کو پی ایچ ایم اے ہاؤس میں ہونے والے اجلاس میں سینئر ممبر ایف بی آر برائے ان لینڈ ریونیو رضا باقر نے واضح کیا کہ پانچ زیرو ریٹڈ سیکٹر پر 2 فیصد سیلز ٹیکس کا خاتمہ ممکن نہیں تاہم باہمی مشاورت کے ساتھ سیلز ٹیکس کے ریفنڈ پروسیس کو اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے سہل بنایا جاسکتا ہے۔ ممبر ان لینڈ ریونیو کی یقین دہانی کے باوجود ٹیلی ایڈ ٹیکسٹائل، لیدر اور کارپٹ سیکٹر نے 2 فیصد سیلز ٹیکس کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر اس اقدام کے ذریعے 20 فیصد غیر رجسٹرڈ شعبے کو نیٹ میں لانے کیلئے پہلے سے سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ 80 فیصد برآمدکنندگان پر ٹیکسوں کا بوجھ کیوں لاد رہا ہے جو پہلے ہی نامساعد کاروباری حالات اور چیلنجز کے باوجود ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں۔ اجلاس سے زبیر موتی والا، مہتاب الدین چاؤلہ، فواد اعجاز خان، زین بشیر، رفیق گوڈیل، جاوید بلوانی، ذوالفقار علی چوہدری، مسعود نقی، نقی باڑی، خواجہ عثمان، دانش خان، محمد شفیع، جبار غازیانی، سلیم پاریکھ، جنید ماکڈا، عامر بٹ و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association
37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI

Page No: 1

روزنامہ بیوپار کراچی (3) 20 مارچ 2013ء

# ایف بی آر اور پانچ زیرو ریٹڈ سیکٹر کے نمائندوں کے درمیان مذاکرات ناکام

## یقین دہانی کے باوجود ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل، لیدر اور کارپٹ سیکٹر نے 2 فیصد سیلز ٹیکس کے نفاذ کو مسترد کر دیا

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو اور پانچ زیرو ریٹڈ سیکٹر کے نمائندوں کے درمیان منگل کو ہونے والے مذاکرات ناکام ہوگئے، دوران اجلاس ممبران لینڈ ریونیو رضا باقر نے واضح کیا کہ پانچ زیرو ریٹڈ سیکٹر پر 2 فیصد سیلز ٹیکس آئی ایم ایف کی ایما پر عائد کیا گیا ہے جس کا خاتمہ ممکن نہیں تاہم باہمی مشاورت کے ساتھ سیلز ٹیکس کے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

### بقیہ ایف بی آر / مذاکرات ناکام 7

ریفنڈ پروسیس کو اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے سہل بنایا جاسکتا ہے ممبران لینڈ ریونیو کی اس یقین دہانی کے باوجود ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل، لیدر اور کارپٹ سیکٹر نے 2 فیصد سیلز ٹیکس کے نفاذ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ ایف بی آر اپنے اس اقدام کے ذریعے 20 فیصد غیر رجسٹرڈ شعبے کو نیٹ میں لانے کے لیے پہلے سے سیلز ٹیکس میں رجسٹرڈ 80 فیصد برآمد کنندگان پر ٹیکسوں کا بوجھ کیوں لاد رہا ہے جو پہلے ہی نامساعد کاروباری حالات اور چیلنجز کے باوجود ملک کے لیے قیمتی زرمبادلہ کما رہے ہیں، اجلاس کے دوران ممبر آئی آر ایس ایف بی آر رضا باقر نے کہا کہ زیرو ریٹڈ کا مفہوم سیلز ٹیکس ایکٹ مجریہ 1990 سے اخذ کیا جائے، یہ تاثر غلط ہے کہ ایف بی آر نے یکطرفہ بنیاد پر سیلز ٹیکس عائد کیا ہے بلکہ ٹیکس ریفارمز کمیٹی سے مشاورت کے بعد اس کا نفاذ کیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ پانچ شعبوں کو زیرو ریٹنگ کی سہولت دینے کے بعد ایف بی آر کو ریونیو میں بھاری خسارے کا سامنا رہا اور مطلوبہ مثبت نتائج برآمد نہ ہوسکے ہیں، گزشتہ چھ ماہ میں ایف بی آر نے 1.1 ارب روپے سیلز ٹیکس ریونیو وصول کیا جبکہ 6 ارب روپے ریفنڈ کیے گئے، اس تناظر میں حکومت نے 2 فیصد سیلز ٹیکس عائد کیا ہے تاہم مذکورہ 2 فیصد سیلز ٹیکس ویونگ سائزنگ اور پروسیسنگ سیکٹر پر ختم کردیا گیا ہے اور اس حوالے سے ایف بی آر کی جانب سے نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا جائے گا، رضا باقر نے بتایا کہ حکومت کی خواہش ہے کہ سیلز ٹیکس کے دائرہ کار کو مقامی طور پر فروخت ہونے والی ٹیکسٹائل مصنوعات تک توسیع دی جائے، سیلز ٹیکس ریفنڈ کے مسائل سے اتفاق کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے آر ٹی اوز اور ایل ٹی یوز صرف اپنے ریونیو اہداف کو پورا کرنے کی غرض سے برآمد کنندگان کو ریفنڈز کی ادائیگیوں میں تاخیر کرتے ہیں تاہم ایف بی آر کی خواہش ہے کہ سیلز ٹیکس ریفنڈز کے مسائل کو حل کیا جائے اور تیز رفتار ریفنڈ سسٹم کے لیے تمام برآمدی ایسوسی ایشنز باہمی مشاورت کے ساتھ ریفنڈ کا میکنزم مرتب کر کے ایف بی آر کو ارسال کریں، جعلی سیلز ٹیکس ریفنڈ کے حوالے سے متعلقہ ایسوسی ایشنز اگر اپنے ممبران کے دائر کردہ ریفنڈ کلیمز کی تصدیق کردیں تو ایف بی آر فی الفور ریفنڈ جاری کردے گا اس طرح سے جعلی ریفنڈز کا خاتمہ بھی ممکن ہوسکے گا، اس موقع پر پی ایچ ایم اے کے سینٹرل چیئرمین جاوید بلوانی نے کہا کہ ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کسی صورت 2 فیصد سیلز ٹیکس کو تسلیم نہیں کرتی ہے، انہوں نے ایف بی آر سے مطالبہ کیا کہ وہ برآمد کنندگان پر جعلی ریفنڈ کا الزام عائد کرنے کے بجائے جعلی سیلز ٹیکس ریفنڈ حاصل کرنے والوں کے ناموں اور ان کے شعبوں کی کھل کر نشاندہی کرے تاکہ درست حقیقت سامنے آسکے کیوں کہ ریفنڈ کے پیچیدہ نظام کے باعث ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل سیکٹر کی اکثریت ریفنڈ کلیمز داخل کرنے سے گریز کرتی ہے، ٹاول مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے چیئرمین مہتاب الدین چاؤلہ نے کہا کہ ایف بی آر کو ایک سہولت کنندہ ادارے کے طور پر کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، ایف بی آر کے حالیہ اقدامات ویلیو ایڈڈ سیکٹر کی افزائش میں رکاوٹ بن گئی ہے، ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری اب اسپننگ اور یارن کاٹن ٹریڈنگ پر توجہ مرکوز کر رہے ہیں، اگر یہ رجحان فروغ پایا تو بے روزگاری کا سیلاب امڈ آئے گا جبکہ ملکی برآمدات کا حجم بھی کم ہوجائے گا، ایف بی آر کے پالیسی ساز ایسے اقدامات تجویز کرے جس سے ویلیو ایڈڈ انڈسٹری کو فروغ مل سکے تاکہ روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوسکیں، پاکستان لیدر گارمنٹس ایسوسی ایشن کے چیئرمین فواد اعجاز خان نے کہا کہ 2 فیصد سیلز ٹیکس کے نفاذ سے لیدر کی برآمدات بڑھ رہی ہیں لیکن لیدر گارمینٹس انڈسٹری بندش کی جانب گامزن ہوگئی ہے، پاکستان بیڈ ویئر ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے زین بشیر نے کہا کہ ایف بی آر صنعتی شعبے کا گلا گھونٹ کر حکومت کو سپورٹ کرنے سے گریز کرے، ویلیو ایڈڈ ٹیکسٹائل انڈسٹری پہلے ہی دیگر چیلنجز کے ساتھ زبردست مالیاتی بحران سے دوچار ہے، پاکستان نٹ ویئر سویٹرز ایسوسی ایشن کے رفیق گوڈیل نے کہا کہ پاکستان کے حریف ملک بنگلہ دیش میں ویلیو ایڈڈ انڈسٹری کی حوصلہ افزائی کے لیے ترغیبات و سہولیات فراہم کی جارہی ہیں جبکہ پاکستان میں اسکے برعکس ٹیکسوں کا بوجھ بڑھایا جارہا ہے،، اجلاس سے زبیر موتی والا، پرآل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ذوالفقار علی چوہدری، پریگیا کے نمائندے مسعود نقی، نقی باڑی، خواجہ عثمان، دانش خان، محمد شفیع، جبار غازیانی، سلیم پاریکھ، جنید ماکڈا، عامر بٹ و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

37 - H
BLOCK-6
P.E.C.H.S.
KARACHI
Pakistan Hosiery Manufacturers & Exporters Association